Shabbir / Fazil

05-11-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

1- مرکزی کابینہ نے سبھی اگنی ویروں کو دفاعی افواج میں شامل کرنے کیلئے راستہ ہموار کیا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اُن بھارتی کھلاڑیوں اور اہلکاروں کے ساتھ ملاقات کریں گے، جنہوں نے ایشیائی پیرا گیمز 2026 میں حصہ لیا تھا۔

3- سرکار نے، غیر معیاری دواؤں کے مینوفیکچرنگ لائسنس فوری طور پر معطل کرنے کی تجویز رکھی ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ ایران کی جنگ سے امریکہ کے وسط مدّتی انتخابات کے نتیجوں پر کافی اثر پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں اُچھال سے رائے دہندگان بہت زیادہ مایوس تھے۔

5- اور ہاکی میں، آج موہالی میں ایشیائی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet Agniveers

'اگنی پتھ' اسکیم میں بڑا ردّ و بدل کرتے ہوئے مرکزی کابینہ نے ایک نظر ثانی شدہ فریم ورک کو منظوری دی ہے، جس سے سبھی خواہشمند اگنی ویروں کو دفاعی افواج میں شامل کرنے کا راستہ ہموار ہو گیا ہے۔

کابینہ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے ڈِفینس اسٹاف کے سربراہ، جنرل NS Raja Subramani نے بتایا کہ مسلح افواج کی جانب سے تفصیلی جائزے کے بعد یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ اس جائزے میں اگنی ویروں کی صلاحیت، جسمانی Fitness اور تکنیکی طور طریقے اختیار کرنے کے تعلق سے بہت مثبت رپورٹ موصول ہوئی تھی۔

S/B - Raja Subramani

یہ فیصلہ ایسے وقت سامنے آیا ہے کہ جب 18 ہزار 300 اگنی ویروں کے پہلے Batch کی ابتدائی 4 سالہ مدّت اگلے مہینے مکمل ہو رہی ہے۔

ابتدائی منصوبے کے مطابق چوٹی کے 25 فیصد اگنی ویروں کو اُن کی Merit کی بنیاد پر 4 سال کی مدّت مکمل ہونے کے فوراً بعد باضابطہ مستقل ملازمت فراہم کی جائے گی۔ بقیہ 75 فیصد اگنی ویروں کو 2 سال کی مدّت کیلئے اضافی ملازمت دی جائے گی، جس کا انحصار امیدواروں کی آمادگی اور فورسز کی سفارشات پر ہوگا۔

اضافی 2 سال کی توسیع مکمل ہونے پر سبھی بقیہ خواہشمند اگنی ویروں کو ریگولر فوجیوں کے طور پر مستقل ملازمت دی جائے گی، بشرطیکہ وہ انتخاب کا معیاری پیمانہ پورا کرتے ہوں۔x

PM Asian Games

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں اندرا گاندھی اسپورٹس کامپلیکس میں اُن بھارتی کھلاڑیوں اور اہلکاروں کے ساتھ ملاقات کریں گے، جنہوں نے ایشیائی پیرا گیمز 2026 میں حصہ لیا تھا۔ جناب مودی اس موقعے پر خطاب بھی کریں گے۔

جاپان کے Aichi - Nagoya میں منعقدہ ایشیائی پیرا گیمز میں بھارت نے اب تک کی اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ اس میں 97 بھارتی پیرا اتھلیٹس نے مجموعی طور پر 114 تمغے جیتے۔ اِن میں سونے کے 30، چاندی کے 35 اور کانسے کے 49 تمغے شامل ہیں۔

آج کے اِس پروگرام میں، تمغے جیتنے والے کھلاڑی، کوچ، بھارت کی پیرالمپک کمیٹی اور انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیدار، نیشنل اسپورٹس فیڈریشنز کے نمائندے نیز نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی وزارت کے اہلکار شرکت کریں گے۔x

Khelo Bharat Quiz

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزارت نے My Bharat پورٹل پر 'کھیلو بھارت: مینوفیکچرنگ سے پوڈیم فِنِش کوئز تک' کا آغاز کیا ہے۔ اس کوئز کا مقصد ملک کے کھیلوں کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے حکومت کی کوششوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ یہ کھیلوں کے ساز و سامان کی گھریلو مینوفیکچرنگ اور جدت طرازی کو بھی فروغ دیتا ہے۔ وزارت نے کہا کہ یہ پہل جاپان کے Aichi Nagoya میں منعقد ہونے والے سال 2026 کے 20 ویں ایشیائی کھیلوں اور 5 ویں ایشیائی پیرا کھیلوں میں ملک کی شرکت اور کامیابیوں کو اجاگر کرتی ہے۔

یہ کوئز شہریوں، طلباء، نوجوانوں، پیشہ وَر افراد اور کھیلوں کے شائقین کے لیے کھلا ہے۔ یہ اِس ماہ کی 20 تاریخ تک جاری رہے گا۔

وزارت نے مزید کہا کہ اِس پہل کا مقصد لوگوں کو بھارت کے بڑھتے ہوئے کھیلوں کے نظام کے بارے میں جاننے کیلئے ان کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔x

Amit Shah Haryana Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج امبالہ کینٹ میں شہیدوں کے میموریل کا افتتاح کریں گے، جسے 1857 میں پہلی جنگِ آزادی کے جانباز شہیدوں کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے۔

BJP کے لیڈر اور سابق وزیر Aseem Goel نے کل امبالہ میں ایک پریس کانفرنس کے دوران یہ جانکاری دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض ایک میموریل کا افتتاح نہیں، بلکہ اُن نامور اور نامعلوم جانبازوں کے تئیں ملک کے تشکر کے اظہار اور خراجِ عقیدت پیش کرنے کا موقع ہے، جنہوں نے ملک کی آزادی کیلئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ جناب گوئل نے بتایا کہ یہ عظیم الشان میموریل تقریباً 800 کروڑ روپے کی لاگت سے لگ بھگ 22 ایکڑ کے رقبے میں تعمیر کیا گیا ہے۔ اس سے ہریانہ کی تاریخی وراثت کے حصے کے طور پر ایک منفرد پہچان قائم ہوگی۔×

Drugs Draft Amendment

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے، ادویات سے متعلق 1945 کے ضابطوں میں ترامیم تجویز کی ہیں، تاکہ اُن دواؤں کے تعلق سے مینوفیکچرنگ لائسنس فوری طور پر معطل کیے جا سکیں، جنہیں مخصوص اہم کوالٹی پیمانوں پر غیر معیاری قرار دیا گیا ہے۔

مجوزہ ترامیم میں، غیر معیاری دواؤں کا پتہ لگنے پر فوری انضباطی کارروائی کرنا، اُن کی مینوفیکچرنگ اور تقسیم کی روک تھام کرنا نیز مریضوں کی سیفٹی اور صحتِ عامہ کے مفاد میں عمل درآمد کو یقینی بنانے کی خاطر طریقۂ کار کو مستحکم کرنا شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Shivang Misra

وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ موجودہ ضوابط کے تحت کسی دوا ساز کمپنی کے مینوفیکچرنگ لائسنس کو معطل یا منسوخ کرنے سے پہلے مقررہ قانونی اور ضابطہ جاتی کارروائی کی جاتی ہے، جس میں وجہ بتاؤ نوٹس جاری کرنا بھی شامل ہے۔

وزارت نے مزید کہا کہ مجوزہ ترمیم میں لائسنس کی معطّلی ختم کرنے سے پہلے لازمی اصلاحی اقدامات کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے۔

لائسنس کی معطّلی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک متعلقہ دوا ساز کمپنی خرابی کی بنیادی وجہ کا مؤثر تجزیہ نہیں کر لیتی اور متعلقہ لائسنسنگ اتھارٹی کے اطمینان کے مطابق مناسب اصلاحی اور احتیاطی اقدامات نافذ نہیں کر دیتی۔

وزارت کے مطابق ان ترامیم سے مارکیٹ میں ادویات کی فروخت کے بعد ان کی نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے، غیر معیاری ادویات کے خلاف بروقت کارروائی کو یقینی بنانے اور دوا ساز کمپنیوں اور مارکیٹنگ کرنے والوں کی جواب دہی بڑھانے میں مدد ملنے کی امید ہے۔

مجوزہ ترامیم کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے جاری کر دیا گیا ہے اور تمام متعلقہ فریقوں اور عوام سے 30 دن کے اندر اعتراضات اور تجاویز طلب کی گئی ہیں۔

دلی سے شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے .....

UP 2027 Exams

اترپردیش کے سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ نے 2027 کے ہائی اسکول اور Intermediate امتحانات کیلئے Answer Sheets کا نیا Format شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کا مقصد امتحانات کے نظام کو زیادہ محفوظ اور شفاف بنانا نیز بے ضابطگیوں کی روک تھام کرنا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Om Avasthi

نئے انتظام کے تحت Answer Sheets کے Main Cover پر ایک QR کوڈ ہوگا، جسے اسکین کرنے پر اترپردیش کے سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ کا Logo دکھائی دے گا۔ بورڈ نے دسویں اور بارہویں کلاس کی Answer Sheets کیلئے الگ الگ رنگوں کا استعمال کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔

بورڈ نے Answer Sheets کی حفاظت کیلئے خصوصی انتظامات بھی کیے ہیں۔ انھیں 24 گھنٹے CC ٹی وی نگرانی میں محفوظ کمروں میں رکھا جائے گا۔ رجسٹروں میں Answer Sheets کے Bundles پر سیریل نمبر بھی درج ہوں گے، تاکہ اِن کی مناسب نگرانی کی جا سکے۔

ریاست میں دسویں اور بارہویں کلاس کے امتحانات 5 فروری سے 24 فروری 2027 کے درمیان ہوں گے۔x

اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ...

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

14 C Advisory

بھارتی سائبر جرائم تال میل مرکز نے بینکوں، غیر بینک کاری مالی کمپنیوں اور Fintech فرموں کو مصنوعی ذہانت AI ایجنٹوں کے ملوث ہونے کے ساتھ سائبر حملوں کے بڑھتے ہوئے رجحان سے خبردار کیا ہے۔ مالی اداروں کو جاری کی گئی ایک ایڈوائزری میں بھارتی سائبر کرائم تال میل مرکز نے اُن سے کہا ہے کہ وہ انڈین کمپیوٹر ایمرجنسی کارروائی ٹیم کے متعلقہ اقدامات کو بلا تاخیر نافذ کریں۔x

Railway Festive Rush Jammu

شمالی ریلویز کے جموں ریلوے ڈویژن نے دیوالی اور چھٹھ پوجا سے قبل مسافروں کی ممکنہ کثیر تعداد کے مدِ نظر بڑے ریلوے اسٹیشنوں، خاص طور پر جموں توی پر سکیورٹی اور مسافروں کی بھیڑ بھاڑ کے تعلق سے انتظامات کو مستحکم بنایا ہے۔

ٹکٹ چیک کرنے کے اضافی عملے، ریلوے حفاظتی فورس، سرکاری ریلوے پولیس نیز Scouts اور گائڈس کو تعینات کیا گیا ہے۔ مسافروں کی محفوظ اور بلا رکاوٹ نقل و حرکت کو یقینی بنانے کی خاطر CCTV نگرانی اور 24 گھنٹے کام کرنے والے کنٹرول روم قائم کیے گئے ہیں۔×

Srinagar Katra Special Trains

شمالی ریلوے تہواروں کے دنوں میں کثیر تعداد میں، مسافروں کی سہولت کیلئے آج اور کل سرینگر اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ کے درمیان Unreserved خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

ٹرین نمبر صفر - چار، چھ - نو - صفر آج دن میں پونے بارہ بجے سرینگر سے روانہ ہوگی اور دوپہر بارہ بجکر 57 منٹ پر اننت ناگ پہنچے گی۔ یہ ٹرین اس کے بعد بانیہال سے دوپہر ایک بجکر 32 منٹ پر روانہ ہوگی اور سہ پہر ساڑھے تین بجے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ پہنچے گی۔

دوسری طرف سے ٹرین نمبر صفر - چار، چھ - آٹھ - نو شام 4 بجے کٹرہ سے روانہ ہوگی اور شام 6 بجکر 25 منٹ پر بانیہال پہنچے گی۔ اس کے بعد بانیہال سے یہ شام 6 بجکر 27 منٹ پر روانہ ہوگی اور رات پونے آٹھ بجے اننت ناگ ہوتے ہوئے سرینگر پہنچے گی۔×

Trump Election Result

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ ایران میں 8 مہینے سے جاری جنگ کی وجہ سے امریکہ کے وسط مدّتی انتخابات کے نتیجوں پر کافی اثر پڑا ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے یہ اعتراف کیا کہ لڑائی کے تناظر میں گیس کی قیمتوں میں اُچھال سے رائے دہندگان بہت زیادہ مایوس تھے۔

وسط مدّتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی نے ایوانِ نمائندگان اور سینٹ دونوں کا کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ رِپبلیکن پارٹی کیلئے شدید سیاسی مضمرات کے باوجود صدر ٹرمپ نے اپنی خارجہ پالیسی کے ایجنڈے کو پُرزور انداز سے صحیح ٹھہرایا ہے اور کہا ہے کہ فوجی کارروائی نہایت ضروری تھی۔ صدر ٹرمپ نے زور دے کر کہا کہ ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا، اُن کی طویل مدّتی ترجیح رہی ہے۔

انہوں نے اس دلیل کو مسترد کر دیا کہ چناؤ کے نتیجے اُن کیلئے ذاتی سرزنش کے مترادف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود چناؤ میدان میں نہیں تھے۔

وسط مدّتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی کی جیت کے تناظر میں تیل کی عالمی قیمتوں میں گراوٹ دیکھنے میں آئی۔ Brent خام تیل کی قیمت میں 8 فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی ہے اور یہ تقریباً ایک مہینے میں پہلی مرتبہ 100 ڈالر فی بیرل سے نیچے آ گئی۔x

Bahamas ISA

بہاماس بین الاقوامی شمسی اتحاد کا 116 واں رکن بن گیا ہے۔ بہاماس کے ہائی کمشنر Peter Nicholas Symonette Jr. نے ISA فریم ورک معاہدے کا الحاق نامہ جوائنٹ سکریٹری، اکنامک ڈپلومیسی اور ہیڈ آف ڈپوزیٹری، پی ایس گنگادھر کے حوالے کیا۔ یہ تقریب نئی دلی میں ISA اسمبلی کے نویں اجلاس کے موقع پر منعقد کی گئی۔x

India Tennis Achivement

بھارت کی اُبھرتی ہوئی 17 سالہ کھلاڑی مایا راجیشوَرن Revathi ، دو ہزار بارہ میں ثانیہ مرزا کے بعد سے WTA ٹورسنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی پہلی بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔

چنئی اوپن کے دوسرے راؤنڈ میں، عالمی نمبر 669 مایا راجیشوَرن نے پولینڈ کی 277 نمبر کی کھلاڑی Weronika Falkowska کو چھ-چار اور چھ-تین سے ہرا دیا۔ x

Hockey

ہاکی میں آج موہالی میں، ایشیائی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

موجودہ چیمپئن بھارت نے گل کھیلے گئے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کو ایک کے مقابلے 8 گول سے کراری شکست دی۔ جبکہ جاپان ملیشیاء کو پنالٹی شُوٹ آؤٹ میں 3 کے مقابلے 5 گول سے ہرا کر فائنل میں پہنچا ہے۔ مقررہ وقت تک کوئی بھی ٹیم گول نہیں کر سکی تھی۔

کانسے کے تمغے کیلئے ملیشیاء کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔ x

Cricket India NZ

مردوں کی کرکٹ میں، آک لینڈ میں پہلے ایک روزہ میچ میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 5 وکٹ سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل کر لی ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر نیوزی لینڈ سے بلّے بازی کرنے کو کہا اور نیوزی لینڈ کی پوری ٹیم 40 اوورس اور 2 گیندوں میں 185 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

بارش کی وجہ سے کھیل میں خلل پڑا اور ڈک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت بھارت کو 32 اوورس میں 143 رن بنانے کا نیا نشانہ دیا گیا۔ بھارت نے صرف 22 اوورس اور 4 گیندوں میں 5 وکٹ کھو کر جیت کا نشانہ حاصل کر لیا۔ وراٹ کوہلی نے محض 51 گیندوں پر 74 رن اسکور کیے۔

وراٹ کوہلی، سچن تندولکر کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ایک روزہ میچوں میں سب سے زیادہ رن بنانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ وہ اب تک مجموعی طور پر 8 ہزار 741 رن بنا چکے ہیں۔

سیریز کا دوسرا ایک روزہ میچ ویلنگٹن میں ہفتے کے روز کھیلا جائے گا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: .....کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

اگنی پتھ اسکیم کے تحت اگنی ویروں کی ملازمت میں توسیع کی پیشکش۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ اور انقلاب سمیت دیگر کئی اخبارات نے اپنے پہلے صفحے کی بڑی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کیلئے ڈیجیٹل آڈٹ مانیٹرنگ پلیٹ فارم تیار کرنے کی اپیل کی۔ اس خبر کو پرتاپ نے اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

عصمت دری اور پاکسو مقدمات کی فوری سماعت کے لئے فاسٹ ٹریک عدالتوں کی اسکیم میں پانچ سال کی توسیع کیے جانے سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

_ امریکہ کے وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹس کی تاریخی کامیابی، بھارت نژاد امریکیوں کا دبدبہ، کئی امیدوار کامیاب۔

- امریکی عوام نے جنگ کو مسترد کردیا ہے اور ہم اس پیغام کی حمایت کرتے ہیں، ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر قالیباف کا بیان۔
- اسرائیلی اپوزیشن بلاک کا جلد از جلد حکومت سازی کا عمل مکمل کرنے کا عہد۔
- سینکڑوں حوثیوں کو غیر فعال کردیاہے، یمنی فوج کا دعویٰ۔
- ایران چھ ہزار کلومیٹر تک مار کرنے والے میزائل بنانے کیلئے تیار۔

☆☆☆

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی کابینہ نے سبھی اگنی ویروں کو دفاعی افواج میں شامل کرنے کیلئے راستہ ہموار کیا ہے۔
2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اُن بھارتی کھلاڑیوں اور اہلکاروں کے ساتھ ملاقات کریں گے، جنہوں نے ایشیائی پیرا گیمز 2026 میں حصہ لیا تھا۔
3- سرکار نے، غیر معیاری دواؤں کے مینوفیکچرنگ لائسنس فوری طور پر معطل کرنے کی تجویز رکھی ہے۔
4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ ایران کی جنگ سے امریکہ کے وسط مدّتی انتخابات کے نتیجوں پر کافی اثر پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں اُچھال سے رائے دہندگان بہت زیادہ مایوس تھے۔
5- اور ہاکی میں، آج موہالی میں ایشیائی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔